ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((467

13.09.24

**بہاول پور(            )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی جانب سے جامعہ مسجد انوار گلبرگ روڈ ماڈل ٹاؤن میں بعد نماز جمعہ کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔کھلی کچہری میں شہریوں کی بڑی تعداد کو سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران شہریوں کے مسائل بر وقت حل کرنے کے احکامات جاری کیے،کھلی کچہری کا مقصد بلا تاخیر شہریوں کے مسائل کو میرٹ پر حل کرنا اور گھر کی دہلیز پر انصاف فراہم کرنا ہے،ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن انصاف آپ کی دہلیز پر کے پیش نظر ڈی پی او سرفراز خان نے جامعہ مسجد انوار گلبرگ روڈ ماڈل ٹاؤن A میں کھلی کچہری لگائی،جس میں شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ڈی پی او کے ہمراہ ایس ڈی پی او سٹی سرکل،ایس ایچ او تھانہ کینٹ اور دیگر معزز شخصیات نے بھی شرکت کی۔ڈی پی او اسد سرفراز خان نے کھلی کچہری میں تمام سائلین کو تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو بروقت قانونی کارروائی اور واپسی رپورٹ کے احکامات جاری کیے۔ڈی پی او نے کھلی کچہری میں شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ تھانوں میں کھلی کچہری کا انعقاد ہماری اولین ترجیح ہے تا کہ شہریوں کے مسائل سن کر ان کی دہلیز پر بروقت دادرسی کی جا سکے۔ڈی پی او نے دوران کھلی کچہری افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ میرٹ کو مقدم رکھتے ہوئے شہریوں کے مسائل تھانہ کی سطح پر ہی حل کیے جائیں جو کہ ہماری اولین ذمہ داری ہے۔کھلی کچہری کا مقصد عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اور عوام اور پولیس کے مابین فاصلے مٹانا ہے۔ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوام الناس کے ساتھ بہتر رویہ اپنائیں۔عوام کی خدمت اور ان کے جان و مال کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے۔جبکہ شہریوں کا کہنا تھا کہ ہم بہت مطمئن ہیں کہ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر خود ہمارے مسائل کے حل کے لئے تشریف لائے اور مسائل کو فوری حل کرنے کے متعلق افسران کو حکم جاری کئے۔ڈی پی او بہاولپور کے اس احسن اقدام سے انصاف کا بول بالا ہو رہا ہے۔آخر میں ڈی پی او اسد سرفراز خان نے شہریوں کی شرکت پر بھی ان کا شکریہ ادا کیا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور:ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان جامعہ مسجد انوار گلبرگ روڈ ماڈل ٹاؤن A میں نماز جمعہ کی ادائیگی کے بعد کھلی کچہری میں شہریوں کے مسائل دریافت کر رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (468)

13.09.24

**بہاول پور(  )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کا بہاولپور کے شہریوں کیلیئے احسن اقدام، ڈکیتی، راہزنی اور چوری میں ملوث گینگز و دیگر ملزمان کے قبضہ سے کروڑوں روپے مالیت کا مال مسروقہ برآمد، ضلع بہاولپور کے تمام سرکلز میں ایس ڈی پی اوز کی قیادت میں پریس کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ برآمد شدہ موٹر سائیکلز، نقدرقم و دیگر سرقہ شدہ سامان اصل مالکان کے حوالے کیا گیا۔ عوام الناس کو لوٹنے والے کسی رعائت کے مستحق نہیں، شہریوں کو لوٹنے والوں کی گرفتاریوں کے لئے بہاولپور پولیس دن رات کوشاں ہے، اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق ایس ڈی پی او سرکل سٹی بہاولپور محمد یونس نے تھانہ بغداد الجدید میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کے احکامات کی روشنی میں سٹی سرکل پولیس بہاولپور نے بڑی کارروائیاں کرتے ہوئے ڈکیتی، راہزنی اور چوری میں ملوث ملزمان سے دوران تفتیش مقدمات کو ٹریس آؤٹ کرکے لاکھوں روپے مالیت کی 02 عدد کاریں، 70 موٹر سائیکلز، 02 عدد آٹو رکشہ، 06 راس گائے بھینس، 09 راس بکرے بکریاں، 25 تولہ طلائی زیورات اور نقدرقم مبلغ 16 لاکھ 85 ہزار روپے برآمد کرلی۔ ایس ڈی پی او صدر سرکل بابر علی نے اپنے آفس میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتلایا کہ سرکل بھر میں ڈکیتی، راہزنی اور چوری میں ملوث ملزمان کو ٹریس کرکے گرفتاریاں عمل میں لائی گئیں اور ان کے قبضہ سے کروڑوں روپے مالیتی 03 عدد کاریں، 28 عدد موٹر سائیکلز، 03 آٹو رکشہ، 22 راس گائے بھینس، 17 راس بکرے بکریاں اور 01 کروڑ روپے سے زائد نقدرقم برآمد کی۔ ایس ڈی پی او سرکل احمد پور شرقیہ فرخ جاوید نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتلایا کہ ڈکیتی، چوری اور راہزنی میں ملوث ملزمان کو ٹریس کرکے گرفتاریاں عمل میں لائی گئیں اور ان کے قبضہ سے لاکھوں روپے مالیت کی 01 عدد کار، 37 عدد موٹر سائیکلز، 24 راس گائے بھینس، 36 راس بکرے بکریاں، 15 تولہ طلائی زیورات، سولر پلیٹیں و بیٹری اور تقریباً 90 لاکھ روپے سے زائد نقدرقم برآمد کرلی۔ ایس ڈی پی او سرکل یزمان احمد علی بخاری نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتلایا کہ ڈکیتی، چوری اور راہزنی میں ملوث ملزمان کو ٹریس کرکے گرفتاریاں عمل میں لائی گئیں اور ان کے قبضہ سے لاکھوں روپے مالیت کی 01 عدد کار، 12 عدد موٹر سائیکلز، 01 عدد رکشہ، 17 راس گائے بھینس، 07 راس بکرے بکریاں، 01 تولہ طلائی زیورات، سولر پلیٹیں اور انورٹر اور تقریباً 20 لاکھ روپے نقدرقم برآمد کرلی۔ ایس ڈی پی او سرکل خیرپور ٹامیوالی سرفراز حسین تارڑ نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتلایا کہ ڈکیتی، چوری اور راہزنی میں ملوث ملزمان کو ٹریس کرکے گرفتاریاں عمل میں لائی گئیں اور ان کے قبضہ سے لاکھوں روپے مالیت کی 16 موٹر سائیکلز، 01 عدد ٹریکٹر، 06 راس گائے بھینس، 03 راس بکرے بکریاں، 04 تولہ طلائی زیورات، انورٹر اور تقریباً 08 لاکھ روپے نقدرقم برآمد کرلی۔ ایس ڈی پی او سرکل حاصل پور جام سلیم اختر نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتلایا کہ ڈکیتی، چوری اور راہزنی میں ملوث ملزمان کو ٹریس کرکے گرفتاریاں عمل میں لائی گئیں اور ان کے قبضہ سے لاکھوں روپے مالیت کی 35 موٹر سائیکلز، 05 راس گائے بھینس، 10 راس بکرے بکریاں، 12 تولہ طلائی زیورات اور تقریباً اڑھائی لاکھ روپے سے زائد نقدرقم برآمد کرلی۔ برآمد شدہ مال مسروقہ ایس ڈی پی اوز نے پولیس افسران کے ہمراہ  اصل مالکان کے حوالے کیا۔ اس موقع پر شہریوں نے اپنے چوری شدہ مال ملنے پر ڈی پی او بہاولپور کا شکریہ ادا کیا۔ اس حوالے سے بات کرتے ہوئے ڈی پی او اسد سرفراز خان نے کہا کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ہماری اولین ذمہ داری ہے اور اس کے لئے ہم دن رات کوشاں ہیں۔ جرائم پیشہ افراد کسی رعایت کے مستحق نہیں ایسے جرائم پیشہ عناصر کو قانون کے مطابق منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا۔ سول سوسائٹی اور میڈیا نمائندگان کی جانب سے پولیس کی اس کاوش کو سراہا گیا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈی پی او اسد سرفراز خان کی زیر قیادت، ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز نے اپنے اپنے سرکل میں پریس کانفرنس کے بعد گرفتار ملزمان سے ریکور شدہ مسروقہ سامان و نقدرقم اصل مالکان کے حوالے کر رہے ہیں